اردو لازمی — 1st Annual 2024 — دہم کلاس — وقت = 20 منٹ

گروپ : دوسرا — DGK-2-24 — حصہ معروضی — کل نمبر = 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

1۔ سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا (A) زردہ (B) بونٹ پلاؤ (C) فیرنی (D) بریانی

2۔ کانگریس کب قائم ہوئی (A) 1886ء (B) 1895ء (C) 1885ء (D) 1906ء

3۔ مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے (A) جائیداد خریدنے پر (B) خیرات کرنے پر (C) کھانے پینے پر (D) کتابوں پر

4۔ نظم " مال گودام روڈ " کے شاعر کا نام ہے (A) مرزا محمود سرحدی (B) دلاور فگار (C) ضمیر جعفری (D) جمیل الدین عالی

5۔ نظم " جیوے جیوے پاکستان " میں جھیل گئے دکھ جھیلنے والے سے شاعر کی مراد ہے (A) کسان (B) محنت کش (C) پاکستان بنانے والے (D) مزدور

6۔ " جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور " میں کڑی دھوپ سے مراد ہے
(A) زمانے کے مصائب (B) عام دکھ اور بیماری (C) سورج کی حدت (D) محبوب کی بے رخی

7۔ درست اعراب کی نشاندہی کیجئے (A) اِفْضِلُ (B) اَفْضَلُ (C) اَفْضُلُ (D) اُفْضِلُ

8۔ " قائداعظم " قواعد کی رو سے ہے (A) خطاب (B) کنیت (C) عرف (D) لقب

9۔ " نیک لڑکا " قواعد کی رو سے ہے (A) اسم آلہ (B) اسم صفت (C) اسم مکبر (D) اسم معاوضہ

10۔ درست اعراب کی نشاندہی کیجئے (A) مُعْرَاجُ (B) مَعْرِاجُ (C) مِعْرَاجُ (D) مُعْرَاجَ

11۔ " کاش وہ پڑھتا " قواعد کی رو سے ہے (A) ماضی تمنائی (B) ماضی بعید (C) ماضی شکیہ (D) ماضی قریب

12۔ سبق " نام دیو مالی " کس کتاب سے لیا گیا ہے (A) خطبات عبدالحق (B) مقدمات عبدالحق (C) بزم خوش نفساں (D) چند ہم عصر

13۔ ڈاکٹر محمد اقبال کو سوتے ہوئے جھٹکا لگتا تو کیا کرتے تھے (A) دوائی لے لیتے (B) علی بخش سے گردن کے پٹھے دبواتے (C) سو جاتے (D) بے چین ہو کر ٹہلنے لگتے

14۔ مسلمانوں نے استنبول کا محاصرہ کتنے سال بعد اٹھایا (A) پانچ (B) نو (C) سات (D) آٹھ

15۔ مرزا غالب کو تفتہ کا خط کہاں سے آتا تھا (A) کول (B) سکندر آباد (C) کلکتہ (D) آگرہ

www.pakcity.org

اردو لازمی　　　　حصہ انشائیہ　　　　وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

گروپ : دوسرا　　　　حصہ اول　　　　DGK-2-24　　　　کل نمبر = 60

سوال نمبر۲۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجئے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے )　　10 = 5 x 2

### حصہ نظم　(تین اشعار کی تشریح)

(i) غریبوں کی جاں کو ، یتیموں کے دل کو　　سکوں ہو گیا ہے ، قرار آ گیا ہے

(ii) پانی تھا آگ ، گرمی روزِ حساب تھی　　ماہی جو سیخ موج تک آئی ، کباب تھی

(iii) لہر کھاتا ہے رگِ خاشاک میں جس کا لہو　　جس کے دل کی آنچ بن جاتی ہے سیلِ رنگ و بو

(iv) میاں شکر نئی گاڑی لیئے سفر کو چلے　　مجھے خوشی ہے کہ تم آ گئے پہاڑ تلے

### حصہ غزل　(دو اشعار کی تشریح)

(v) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے　　تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

(vi) ایک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں　　اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ، ایسا بھی نہیں

(vii) تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے　　ہنگام سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

## حصہ دوم

سوال نمبر۳۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیئے　　5+5

(الف) میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔ شریف شخص کی یہ صفت سب سے معتبر مانی گئی ہے۔ اُردو، فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری ، وسیع اور متنوع تھی جس کے ہم سب ہمیشہ معترف رہے اور اس سے استفادہ کیا۔ ناملائم الفاظ کبھی زبان پر نہیں لائے۔

(ب) اس کی کارسازی کے قربان ، صدقے مشکل کشا کے ، عقل نے ایسا کام دیا اور پہلے ہی جوڑے میں واہ واہ ہوگئی۔ شہزادی کا چہرہ بھی خوشی کے مارے پھول کی طرح کھل گیا۔ اب کیا تھا میرے ہاتھ پاؤں میں گھوڑے لگ گئے۔ دنوں کا کام گھڑیوں میں ہونے لگا کہانی بہت لمبی ہے کہاں تک کہوں جس کام کی آدمی دھن باندھ لے وہ ہو ہی جاتا ہے۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔　　10 = 5 x 2

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) | ردیف کی تعریف کیجئے اور یہ بھی بتایئے کہ غیر مردف غزل کون سی ہوتی ہے ؟ | (2) | مسلمانوں نے استنبول پر پہلا حملہ کب کیا اور محاصرہ کتنے سال بعد اٹھایا ؟ |
| (3) | میدان کربلا میں گرمی کی شدت " کس ہیئت میں لکھی گئی ہے ؟ اور صنف سخن کے لحاظ سے کیا ہے ؟ | (4) | " مال گودام روڈ " کس شاعر کی تخلیق ہے اور یہ نظم ان کے کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے ؟ |
| (5) | علامہ اقبال کی وفات کا حال علی بخش کی زبانی بیان کیجئے | (6) | لوک کہانی کی مختصر تعریف کیجئے اور ایک مثال دیجئے |
| (7) | " اردو ادب میں عید الفطر " صنف کے لحاظ سے کیا ہے اور اس کے مصنف کا نام لکھیئے | (8) | شدھی اور سنگھٹن کی تحریکوں کے مقاصد کیا تھے ؟ |

سوال نمبر۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے۔　　5

(i) ملمع　　(ii) نظریہ پاکستان

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیئے　　15

(i) ترقی کرنے کے اصول　　(ii) یوم آزادی　　(iii) شہری زندگی کے مسائل

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیئے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیئے۔　　10

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجا یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتہً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے کابل برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش قدمی کی منتظر تھی کہ دفعتہً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انہیں خبر بھی نہ ہوئی۔ ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں۔ سیکڑوں اکڑ کر مر گئے ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات:

(i) کس کے زمانے میں پنجاب کی حد غزنی تک پھیلی ہوئی تھی ؟

(ii) کون لوگ برف میں رہنے کے عادی تھے ؟

(iii) وہاں کس وجہ سے رضائی اور لحاف کا گزارہ مشکل تھا ؟

(iv) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

(v) جے پال اور سبکتگین میں جنگ نہ ہونے کی وجہ بیان کیجئے

www.pakcity.org

1st Annual 2024 دہم کلاس

**اردو لازمی** — **حصہ انشائیہ** — وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

گروپ : پہلا — **حصہ اول** — کل نمبر = 60

DGK-1-24

سوال نمبر۲۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ) 10 = 5 x 2

حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(i) وہی ہے کائنات اور اس کی مخلوقات کا خالق — نباتات و جمادات اور حیوانات کا خالق

(ii) اڑتی تھی خاک ' خشک تھا چشمہ حیات کا — کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

(iii) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر — دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر

(iv) اس پہ جانے کا کبھی ہوتا ہے جس کو اتفاق — اس کے لوٹ آنے کا پیدا ہی نہیں ہوتا سوال

حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(v) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر ' صبا ہو گئی ہے

(vi) مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا — ٹوٹ کر دل ' اسی سے ملتا ہے

(vii) ایک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں — اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ' ایسا بھی نہیں

**حصہ دوم**

سوال نمبر۳۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے 5+5

(الف) میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔ شریف شخص کی یہ صفت سب سے معتبر مانی گئی ہے۔ اُردو، فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری ، وسیع اور متنوع تھی جس کے ہم سب ہمیشہ معترف رہے اور اس سے استفادہ کیا۔ ناملائم الفاظ کبھی زبان پر نہیں لائے۔

(ب) یہ کم بخت مردِ ہر موقع پر آدھمکتے ہیں۔ کچھ نہیں تو سیکنڈ اور انٹر کا شوشہ ہی چھوڑ دیا۔ اب اسے کیا معلوم کہ اس نے اس وقت جو کچھ میرے پاس دیکھا ' بس یہی میری کل کائنات ہے۔ اٹیچی کیس اور ہولڈال اچھے زمانے کی یادگار ہیں۔ چرمی بٹوا ' ایک سہیلی کا تحفہ اور یہ برقع چلتے وقت خالہ جان کا مانگ لیا تھا۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(1) مرزا محمد سعید کے دو ناولوں کے نام لکھیے

(2) ڈاکٹر وحید قریشی کو حکومت نے کون سے دو تمغے دیئے ان کے نام لکھیے

(3) کانگریس اور مسلم لیگ کی بنیاد کب ڈالی گئی ؟

(4) سیدانی بی نے گزر اوقات کے لیے کون سا پیشہ اختیار کیا ؟

(5) لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا ؟

(6) " وہ اقلیم مرثیہ گوئی کے شہنشاہ تھے " یہ قول کس کا ہے اور کس شاعر کے بارے میں کہا گیا ہے ؟

(7) نظم میں " تازہ انجم کے ظہور " کا مفہوم واضح کیجیے

(8) شاعر (حسرت موہانی) منزل مقصود کے لیے پرامید ہے کیوں ؟

سوال نمبر۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(i) نظریہ پاکستان (ii) علی بخش

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے 15

(i) یوم آزادی (ii) والدین کی اطاعت (iii) قومی اتحاد

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیئے ہیں اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے تمام قومی رشتے نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا ' پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں

سوالات:

(i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے ؟

(ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے ؟

(iii) اسلام میں سب سے اچھا اور پیارا رشتہ کون سا ہے ؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے ؟

(v) اس پیراگراف کا موزوں عنوان لکھیے

www.pakcity.org

اردو (لازمی)　　　　دہم کلاس　1st Annual 2024　　　　وقت = 20 منٹ

گروپ : پہلا　　　　DGK-1-24　　**حصہ معروضی**　　　　کل نمبر = 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

1۔ " معراج " کا درست تلفظ ہے　(A) مِعْرَاج　(B) مَعْرَاج　(C) مِعْرُاج　(D) مِعْرِاج

2۔ " ترنم " کا درست تلفظ ہے　(A) تَرَنَّم　(B) تَرَنُّم　(C) تَرِنُم　(D) تُرَنَّم

3۔ " ڈھولک " اسم نکرہ کی رو سے ہے　(A) اسم صوت　(B) اسم مکبّر　(C) اسم ظرف　(D) اسم مصغر

4۔ " ابوتراب ؓ " اسم علم کی قسم ہے　(A) خطاب　(B) تخلص　(C) عرف　(D) کنیت

5۔ اسم مشتق کی قسمیں ہیں　(A) تین　(B) چار　(C) پانچ　(D) چھ

6۔ ہم اسے منھ سے برا تو نہیں کہتے کہ فراقؔ
دوست تیرا ہے ' مگر آدمی اچھا بھی نہیں
درج بالا شعر قواعد کے لحاظ سے ہے　(A) مقطع　(B) مطلع　(C) آخری شعر　(D) پہلا شعر

7۔ " غزل " کس زبان کا لفظ ہے　(A) فارسی　(B) اردو　(C) ترکی　(D) عربی

8۔ " شاہ نامہ اسلام " کس کی تخلیق ہے　(A) علامہ اقبال　(B) حفیظ جالندھری　(C) میر انیس　(D) جوش

9۔ مسجد سلیمانیہ کس نے تعمیر کرائی　(A) سلیم ثانی　(B) سلطان مراد　(C) سلطان سلیمان　(D) سلطان عبدالحمید

10۔ میر مجروح کے خط میں کس کی بیٹی کی پیدائش کا ذکر ہے　(A) امیر نصیرالدین　(B) میرن　(C) شاہ محمد عظیم　(D) میر مجروح

11۔ رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے ؟　(A) دلی　(B) علی گڑھ　(C) لاہور　(D) لکھنو

12۔ سبق " مرزا محمد سعید " کس مصنف کی تحریر ہے　(A) نذیر احمد دہلوی　(B) اشرف صبوحی　(C) مولوی عبدالحق　(D) شاہد احمد دہلوی

13۔ مسلم لیگ کس نے قائم کی ؟　(A) قائداعظم　(B) علامہ اقبال　(C) نواب وقار الملک　(D) نواب محسن الملک

14۔ سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا　(A) بونٹ پلاؤ　(B) زردہ　(C) بریانی　(D) فیرنی

15۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئی　(A) غزلوں کی طرف　(B) نظموں کی طرف　(C) مرثیے کی طرف　(D) شہر آشوب کی طرف

www.pakcity.org

1st Annual 2023 دہم کلاس

اردو لازمی ، گروپ : پہلا　　DGK-1-23　　حصہ معروضی　　وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A،B،C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1۔

1۔ " چھم چھم " گرامر کی رو سے کیا ہے ؟ (A) اسم صوت (B) اسم آلہ (C) اسم مکبر (D) اسم ظرف

2۔ " ڈاک خانہ " گرامر کی رو سے کیا ہے ؟ (A) ظرف زماں (B) اسم آلہ (C) اسم صوت (D) ظرف مکاں

3۔ " رستم زماں " اسم علم کی کون سی قسم ہے ؟ (A) لقب (B) عرف (C) خطاب (D) کنیت

4۔ سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا۔ (A) زردہ (B) یونٹ پلاؤ (C) فیرنی (D) بریانی

5۔ اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے کس نے سختیاں جھیلیں۔ (A) سید احمد بریلوی (B) شاہ ولی اللہ (C) حضرت مجدد الف ثانی (D) شاہ اسماعیل شہید

6۔ مرزا محمد سعید کے بقول انسان کس کے لیے کام کرتا ہے ؟ (A) شہرت یا دولت (B) دکھاوا (C) کارگردگی (D) عزت وقار

7۔ استنبول کو شہر کہا جاتا ہے۔ (A) مسجدوں کا (B) کتب خانوں کا (C) مقبروں کا (D) عجائب گھروں کا

8۔ علی بخش کے مطابق ڈاکٹر محمد اقبال کی پسندیدہ خوراک کیا تھی ؟ (A) زردہ (B) چپلی کباب (C) پلاؤ (D) پلاؤ اور سیخ کباب

9۔ چغل خور نے روٹی کپڑے کے علاوہ تنخواہ کے بجائے کیا رعایت مانگی ؟ (A) ایک سو روپے (B) چھ ماہ بعد ایک چغلی کھانے کی (C) ہر عید پر دس چھٹیاں (D) دو سو روپے نقد اور ایک چغلی

10۔ میر مجروح کے خط میں کس کی بیٹی کی پیدائش کا ذکر ہے ؟ (A) میر مجروح (B) میرن (C) میر نصیر الدین (D) شاہ محمد عظیم

11۔ نظم " جیوے جیوے پاکستان " کے شاعر کا نام ہے۔ (A) حفیظ جالندھری (B) احسان دانش (C) جوش ملیح آبادی (D) جمیل الدین عالی

12۔ اردو میں قید آزادی کسے کہتے ہیں ؟ (A) قید بامشقت کو (B) جرم سزا کو (C) آزادی کے خاتمے کو (D) شادی خانہ آبادی کو

13۔ روح کو محبت کا مزہ ملتا ہے۔ (A) ہجر و فراق میں (B) وصال میں (C) دل کی ہمسائیگی میں (D) تنہائی اور یکسوئی میں

14۔ درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے۔ (A) اُعْتَبَارْ (B) اِعْتِبَارْ (C) اِعْتُبَارْ (D) اَعْتَبَارْ

15۔ درست اعراب کی نشاندہی کیجئے۔ (A) مِعْذُرُت (B) مَعْذِرَت (C) مُعْذَرَت (D) مَعْذَرَت

www.pakcity.org

1)

1st Annual 2023 دہم کلاس

اردو لازمی ' گروپ : پہلا

## حصہ انشائیہ

وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ
کل نمبر = 60

DGK-1-23

### حصہ اول

سوال نمبر۲۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجئے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ) 10 = 5 x 2

حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(i) یہ سعادت حور صحرائی ! تیری قسمت میں تھی
غازیان دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی

(ii) شیر اٹھتے تھے نہ دھوپ کے مارے کچھار سے
آہو نہ منھ نکالتے تھے سبزہ زار سے

(iii) یہ سماں اور اک قوی انسان ، یعنی کاشت کار
ارتقاء کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار

(iv) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے ، اب ہے کام ہمارا
ایک رہیں گے ، ایک رہے گا ، ایک ہے نام ہمارا

حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(v) آدمی آدمی سے ملتا ہے
دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

(vi) یہ فخر تو حاصل ہے ، برے ہیں کہ بھلے ہیں
دوچار قدم ہم بھی تیرے ساتھ چلے ہیں

(vii) ایک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں
اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

### حصہ دوم

سوال نمبر۳۔ درج ذیل اقتباسات/نثر پاروں کی تشریح کیجئے سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے 10=5+5

(الف) عالم کی موت عالم کی موت ہوتی ہے۔ ابھی ہم کو اس کا اندازہ نہیں ہو سکتا کہ مرزا صاحب کے رخصت ہو جانے سے ہمارا کتنا بڑا نقصان ہو گیا ہے۔ اب ان کی عدم موجودگی رہ رہ کر ہمیں ان کی یاد دلائے گی اور وقت کے ساتھ ان کی جدائی کا گھاؤ بڑھتا چلا جائے گا۔

(ب) " ایک بیوہ ! اور اس کا ایک لڑکا بھی ہے۔ شہر میں پڑھتا ہے۔ باجی ! بے چاری بڑی سیدھی عورت ہے۔ ہمارے ہاں کے سارے کپڑے یہی سیتی ہے۔ لیکن سچ مانو سلائی بہت کم لیتی ہے۔" لڑکی سورج کے رخ پر کھڑی برقعے کو گھور رہی تھی۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ 10 = 5 x 2

(1) تحریک خلافت کیوں شروع کی گئی ؟
(2) سیدانی بی نے کہاروں سے کیا کہا ؟
(3) چچا کے ہاں لڑکی کا کس طرح استقبال کیا گیا ؟
(4) علی بخش کی زمین کے بارے میں کپتان مہابت خان نے کیا کہا تھا؟
(5) رشید احمد صدیقی نے خوش خبری کا ذکر اپنے گھر والوں سے کیوں نہ کیا ؟
(6) پیغمبر ذی وقار کے چراغ محبت کے بارے میں کیا کہا گیا ہے ؟
(7) شاعر گرمی کی شدت کا ذکر کرتے ہوئے کیوں ڈر رہا ہے ؟
(8) دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے ؟

سوال نمبر۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

(i) مرزا محمد سعید (ii) ملمع

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) محنت کی برکتیں (ii) سیلاب کی تباہ کاریاں (iii) سائنس کے کرشمے

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

ہم عصروں اور ہم چشموں کی رقابت پرانی چیز ہے اور ہمیشہ سے چلی آتی ہے۔ جہاں تک مجھے ان سے گفتگو کا موقع ملا اور بعض اوقات چھیڑ چھیڑ کر اور کرید کرید کر دیکھا اور ان کی تحریروں کے پڑھنے کا اتفاق ہوا ، مولانا اس عیب سے بری معلوم ہوتے ہیں محمد حسین آزاد نے مولانا شبلی کی کتابوں پر کیسے اچھے تبصرے لکھے ہیں اور جو باتیں قابل تعریف تھیں ان کی دل کھول کر داد دی ہے مگر ان بزرگوں میں سے کسی نے مولانا کی کسی کتاب کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔ لاہور میں کرنل ہالرائیڈ کی زیر ہدایت جو جدید رنگ کے مشاعرے ہوئے، ان میں آزاد اور حالی دونوں نے طبع آزمائی کی۔ برکھا رت ' حب وطن ' نشاط امید ' اسی زمانے کی نظمیں ہیں آزاد اپنے رنگ میں بے مثل نثار ہیں مگر شعر کے کوچے میں ان کا قدم نہیں اٹھتا۔ لیکن مولانا کی انصاف پسندی ملاحظہ کیجئے کہ کیسے صاف لفظوں میں اس نئی تحریک کا سہرا آزاد کے سر باندھا ہے۔

سوالات:

(i) جدید رنگ کے مشاعروں میں کس قسم کی نظمیں پڑھی جاتی تھیں ؟
(ii) مولانا کس عیب سے بری تھے ؟
(iii) اس عبارت میں مولانا سے کون مراد ہیں ؟
(iv) " مگر شعر کے کوچے میں ان کا قدم نہیں اٹھتا " کے معنی کیا ہیں ؟
(v) اس عبارت کا عنوان تحریر کیجئے۔

D

www.pakcity.org

1st Annual 2023 دہم کلاس

اردو لازمی ' گروپ : دوسرا **حصہ معروضی** DGK-2-23 وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1۔ درست اعراب والے لفظ کی نشاندہی کیجیے۔ (A) عَقلْ (B) عَقُلْ (C) عَقِلْ (D) عُقَلْ

2۔ درست اعراب کی نشاندہی کیجیے۔ (A) نِفَاسَت (B) نَفَاسَت (C) نِفَاسِت (D) نُفَاسَت

3۔ وہ فعل جس سے کسی کام کے کرنے یا ہونے کا حکم معلوم ہو کہلاتا ہے۔ (A) فعل امر (B) فعل نہی (C) فعل لازم (D) فعل متعدی

4۔ " پڑھی ہوئی کتاب " قواعد کی رو سے یہ جملہ ہے۔ (A) اسم مفعول (B) اسم حالیہ کا (C) اسم مصدر کا (D) اسم مشتق کا

5۔ اسم ضمیر کی اقسام ہیں۔ (A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

6۔ " نازک تھے کہیں رنگ گل و بوئے سمن سے " میں رنگ و بو سے مراد ہیں۔ (A) آداب (B) جذبات (C) تصورات (D) خیالات

7۔ جمیل الدین عالی پیدا ہوئے۔ (A) کراچی میں (B) آگرہ میں (C) لاہور میں (D) دلی میں

8۔ ادا جعفری کی پہلی غزل شائع ہوئی۔ (A) رسالہ رومان میں (B) نمکدان میں (C) رسالہ پھول میں (D) مخزن میں

9۔ مرزا غالبؔ کو انگریزی سرکار سے پنشن ملتی تھی (A) پچاس روپے (B) باسٹھ روپے چار آنے (C) ایک سو پچاس روپے (D) ساٹھ روپے

10۔ گدلا پانی پودوں کے لیے تھا (A) ضرر رساں (B) بے سود (C) مفید (D) آب حیات

11۔ چغل خور کو چغل خور کہیں تو وہ (A) لڑ پڑتا ہے (B) بھاگ جاتا ہے (C) ناراض ہو جاتا ہے (D) شرمسار ہو جاتا ہے

12۔ نوجوان اوور کوٹ کی جیبوں میں ہاتھ ٹھونسے کمرا اُسے نظروں سے تاک رہا تھا۔ (A) غضب ناک (B) غصیلی (C) میٹھی میٹھی (D) عجیب

13۔ مصنف جس کمرے میں ٹھہرائے گئے اس کی کھڑکی کھلتی تھی۔ (A) پائیں باغ میں (B) سڑک کی طرف (C) دریا کی سمت (D) برآمدے میں

14۔ " اردو نثر کے میلانات " کے مصنف ہیں (A) پریم چند (B) غلام عباس (C) ڈاکٹر وحید قریشی (D) اشرف صبوحی

15۔ تشبیہ کے ارکان کی تعداد ہے۔ (A) تین (B) پانچ (C) چھ (D) سات

D

www.pakcity.org

اردو لازمی، گروپ : دوسرا

## حصہ انشائیہ

وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ
کل نمبر = 60

## حصہ اول

DGK-2-23

سوال نمبر۲۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجئے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ) 10 = 5 x 2

حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(i) اس پہ جانے کا کبھی ہوتا ہے جس کو اتفاق — اس کے لوٹ آنے کا پیدا ہی نہیں ہوتا سوال
(ii) مجھے بیاہ کی تصویر بھیج دیں جھٹ پٹ — یہ دیکھنا ہے کہ بیٹھے ہیں آپ کس کروٹ
(iii) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے، اب ہے کام ہمارا — ایک رہیں گے، ایک رہے گا، ایک ہے نام ہمارا
(iv) بشر کو فطرتِ اسلام پر پیدا کیا جس نے — محمد مصطفیٰ ﷺ کے نام پر شیدا کیا جس نے

حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(v) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے — یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں
(vi) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں
(vii) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر، صبا ہوگئی ہے

## حصہ دوم

سوال نمبر۳۔ درج ذیل اقتباسات/نثر پاروں کی تشریح کیجئے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے 10=5+5

(الف) اس تمدنی پس منظر کے طفیل ایک وقتی جذبہ ہیجان نہیں بلکہ ایک تہذیبی اکائی بن کر ہماری معاشرتی زندگی میں بہت دور تک جاتی ہے۔ اس وسعت پذیری سے موضوع کی جڑیں ہماری ادبی روایات میں پھیل گئی ہیں۔

(ب) یہ ڈاکٹر صاحب کی اپج تھی۔ وہ شاہی باغ کو حقیقت میں شاہی باغ بنانا چاہتے تھے۔ یہاں بھی نام دیو کا وہی رنگ تھا۔ اس نے فن باغ بانی کی کہیں تعلیم پائی تھی اور نہ اس کے پاس کوئی سند یا ڈپلوما تھا، البتہ کام کی دھن تھی کام سے سچا لگاؤ تھا اور اسی میں اس کی جیت تھی۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ 10 = 5 x 2

(1) سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہو سکا ؟
(2) محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے ؟
(3) کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا ؟
(4) نام دیو نے پانی کی قلت کے زمانے میں چمن کو کیسے شاداب رکھا ؟
(5) استنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی خاص بات کیا ہے ؟
(6) انسان کو کس فطرت پر پیدا کیا گیا ہے ؟
(7) شاعر نے کسے ارتقا کا پیشوا کہا ہے ؟
(8) پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کیجئے۔

سوال نمبر۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

(i) پرستان کی شہزادی (ii) نام دیو مالی

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک (ii) تحریک پاکستان (iii) والدین کی اطاعت

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

دنیا کے ادب میں ڈراما ایک نہایت قدیم صنف ہے۔ اردو میں ڈرامے کی ابتداء 1853ء میں امانت کی اندر سبھا سے ہوتی ہے۔ لیکن جدید ڈرامے کا تصور بعد میں انگریزی کی وساطت سے آیا۔ اُردو ڈرامے کے پیش رو کی حیثیت سے " رہس " کا ذکر ضروری ہے۔ اس دور میں ڈرامے پر شاعری، رقص وسرور اور موسیقی کا غلبہ تھا۔ انیسویں صدی کے آخر تک یہی سلسلہ رہا۔ بعد میں آغا حشر نے کچھ انگریزی ڈراموں کے ترجموں اور کچھ طبع زاد ڈراموں سے اس میں زندگی کا حقیقی خون دوڑانے کی کوشش کی۔ بیسویں صدی کے پہلے ربع میں مقفےٰ مکالموں کا دور رہا۔ بلکہ عبدالحلیم شرر نے انگریزی کے تتبع میں نظم معرا کی صورت میں چند ڈرامائی نمونے بھی پیش کیے۔ دوسرے ربع کے ڈراما نگاروں کے ہاتھوں ڈراما زندگی اور عوام سے قریب تر ہوتا گیا۔ اس زمانے میں امتیاز علی تاج نے اپنا معروف ڈراما " انار کلی " لکھا۔ ان کے ہم عصر ڈراما نگاروں میں عابد اور میرزا ادیب بالخصوص قابل ذکر ہیں۔

سوالات:

(i) اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجئے۔
(ii) اردو ڈرامے کا ذکر کرتے وقت رہس کا ذکر کیوں ضروری ہے ؟
(iii) وہ کون سا دور تھا جس میں اردو ڈرامے پر شاعری اور رقص وسرور کا غلبہ تھا ؟
(iv) مقفےٰ مکالمے سے کیا مراد ہے ؟
(v) طبع زاد ڈراما کیا ہوتا ہے ؟

D

www.pakcity.org

PAPER CODE - 7027

دہم کلاس 12022

وقت = 20 منٹ | حصہ معروضی | اردو لازمی

کل نمبر = 15 | DGK-G1-22 | گروپ : پہلا

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1۔ سکونِ دلِ وحشی کا مقام کہاں نہیں ؟ (A) کنجِ زنداں میں (B) وسعتِ صحرا میں (C) زمین میں (D) کہیں نہیں

2۔ نحو کے کتنے حصے ہوتے ہیں ؟ (A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

3۔ وہ اسم جو ماں، باپ یا بیٹے یا کسی تعلق کی وجہ سے پکارا جائے اُسے کہتے ہیں (A) تخلص (B) کنیت (C) عرف (D) خطاب

4۔ اسم ضمیر کی کتنی اقسام ہیں ؟ (A) چھ (B) چار (C) پانچ (D) تین

5۔ " متحدہ " کا درست تلفظ ہے۔ (A) مُتَّحِدَہ (B) مَتَّحَدَہ (C) مُتَحَدَہ (D) مِتَحَدَہ

6۔ " مترجم " کا درست تلفظ ہے (A) مَتَرجَم (B) مُتَرَجَم (C) مُتَرْجَم (D) مُتَرْجِم

7۔ اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے کس نے سختیاں جھیلیں؟ (A) شاہ ولی اللہ (B) سید احمد بریلوی (C) شاہ اسماعیل (D) حضرت مجدد الف ثانی

8۔ پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے۔ (A) بالشت بھر (B) چھ فٹ (C) ایک فٹ (D) گز بھر

9۔ ڈاکٹر وحید قریشی پیدا ہوئے۔ (A) دلی میں (B) میانوالی میں (C) لاہور میں (D) لکھنؤ میں

10۔ اپنے گاؤں کو چھوڑ کر چغل خور کہاں پہنچا ؟ (A) دوسرے گاؤں (B) دوسرے شہر (C) بڑے قصبے (D) دلی

11۔ دوسرے خط کے مطابق مرزا غالب کو کتنی کتابیں موصول ہوئیں ؟ (A) 20 (B) 33 (C) 30 (D) 43

12۔ رشید احمد صدیقی نے خط میں کس کے سانحہ رحلت کا ذکر کیا ہے ؟ (A) مولانا ضیا احمد (B) بیگم ڈاکٹر محمد حسن (C) برادر بشیر الدین (D) بیگم بشیر الدین

13۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کو کھانے میں بہت پسند تھے۔ (A) بریانی (B) سبزی (C) سیخ کباب (D) دال

14۔ ایک دن پاکستانی بچے قیام کریں گے۔ (A) منزل پر (B) راستے پر (C) دشت میں (D) گھر میں

15۔ نظم " مال گودام روڈ " کے مطابق شاعر کی کس حالت کا حکومت کو خیال آئے گا ؟ (A) مہنگائی کا (B) غربت کا (C) طنز کا (D) بدحالی کا

www.pakcity.org

دہم کلاس 12022

DGK

**اردو لازمی**

## حصہ انشائیہ

وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

کل نمبر = 60

گروپ : پہلا

### حصہ اول

سوال نمبر۲۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ) 10 = 5 x 2

DGK-G1-22

حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(i) زمانے کو اب اپنی منزل مبارک — کہ اِک خضر صد رہ گزار آگیا ہے

(ii) جن کی تابانی میں اندازِ کُہن بھی ، نَو بھی ہے — اور تیرے کوکبِ تقدیر کا پرتَو بھی ہے

(iii) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے ، اب ہے کام ہمارا — ایک رہیں گے ، ایک رہے گا ، ایک ہے نام ہمارا

(iv) اس پہ جانے کا کبھی ہوتا ہے جس کو اتفاق — اس کے لوٹ آنے کا پیدا ہی نہیں ہوتا سوال

حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(v) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر ، صبا ہو گئی ہے

(vi) مِل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا — ٹوٹ کر دل ، اُسی سے مِلتا ہے

(vii) رنگ وہ فصلِ خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر — شانِ رنگینیِ حُسنِ چمن آرا بھی نہیں

### حصہ دوم

سوال نمبر۳۔ درج ذیل اقتباسات/نثر پاروں کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے 10=5+5

(الف) یہاں سے وہ کرشمہ انقلاب یا قلبِ ماہیت شروع ہوتی ہے جس کا دوسرا نام علی گڑھ ہے۔ جو باتیں اس سے پہلے خواب میں دیکھی تھیں، ان کی تصویر و تکمیل علی گڑھ میں دیکھی اور پائی۔ اسلاف کی عظمت، خاندان کے بزرگوں کی شفقت اور سہارا اور ساتھیوں کی شرافت، سخاوت اور آرزومندی سے آشنا اور بہرہ مند ہوا۔

(ب) ریڈیو پاکستان کراچی سے 12 سال پہلے ایک پروگرام "دانش کدہ" شروع کیا گیا تھا، جس میں چار دانش ور بلائے جاتے تھے اور سننے والوں کے سوالوں کے جواب فی البدیہ دیا کرتے تھے۔ میں میرِ سوالات کی خدمت انجام دیتا تھا۔ میں نے سوچا کہ مرزا صاحب اگر اس پروگرام میں شرکت فرمانا منظور کرلیں تو اس پروگرام کو چار چاند لگ جائیں۔ چنانچہ میں مرزا صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا۔ عرضِ مدعا سن کر مُتَبَسّم ہوئے۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(1) چغل خور کو اپنی بُری عادت سے کیا نقصان اُٹھانا پڑا ؟

(2) سیدانی بی نے گزر اوقات کے لیے مُغلانی کا پیشہ کیوں اختیار کیا ؟

(3) علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جا سکتی ہے ؟

(4) علی بخش کی قدرت اللہ شہاب سے کیسے ملاقات ہوئی ؟

(5) حفیظ جالندھری کی باعثِ فخر اور قابلِ قدر تخلیق کون سی دو چیزیں ہیں ؟

(6) نظم "کسان" کے مطابق کسان کی کوئی دو خوبیاں تحریر کیجیے۔

(7) ادا جعفری اپنی غزل کے مطلع میں کس بات پر نازاں ہے ؟

(8) فراق نے سر اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے ؟

سوال نمبر۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(i) چغل خور (ii) نام دیو مالی

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے 15

(i) ایک دل چسپ سفر (ii) قومی اتحاد (iii) وقت کی پابندی

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے 10 = 5 x 2

اقبال کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ ایک باعمل شاعر تھے، انہوں نے شعر کے ذریعے اسلامی تعلیمات، حسنِ اخلاق، خودی، فقر، درویشی اور مغرب سے بیزاری کی تلقین کی اور اپنے عمل کے ذریعے اس کا ثبوت مہیا کیا۔ انہوں نے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق شرکت کی۔ گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے یورپ کا سفر کیا، اسلامی کانفرنس میں شرکت کے لیے فلسطین گئے نیز اسلامی افکار و فلسفہ کی اشاعت کے لیے ہندوستان کے مختلف علاقوں دہلی، حیدر آباد، دکن، مدارس اور بنگلور وغیرہ کے دورے کیے۔ مسلمانوں کے اصرار پر پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کے لیے انتخاب میں حصہ لیا اور تین سال تک اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی۔ حتیٰ کہ اسلام کے نفاذ کے لیے ایک الگ خطۂ زمین کے حصول کی راہ دکھائی۔ پوری دنیا کے مسلمانوں کو آزادی اور تعمیرِ نو کا ولولۂ تازہ عطا کیا۔

سوالات:

(i) اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجیے۔

(ii) اقبال نے شعر کے ذریعے ہمیں کیا تلقین کی ؟

(iii) اقبال نے اسلامی افکار کی اشاعت کے لیے کن علاقوں کا دورہ کیا ؟

(iv) مسلمانوں کے حقوق کے لیے پنجاب اسمبلی میں اقبال نے کیا کردار ادا کیا ؟

(v) علامہ اقبال نے کون کون سی کانفرنسوں میں شمولیت کی ؟

www.pakcity.org

DGK

PAPER CODE - 7022

دہم کلاس 12022

اردو لازمی

حصہ معروضی

وقت = 20 منٹ

کل نمبر=15

DGK-G2-22

گروپ : دوسرا

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

1۔ پروگرام "دانش کدہ" میں کتنے دانشور بلائے جاتے تھے ؟ (A) چار (B) تین (C) دو (D) سات

2۔ مصنف نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادیں بتائی ہیں ؟ (A) ایک (B) دو (C) چار (D) آٹھ

3۔ پرستان سے سیدانی بی کو انعام میں کیا ملا ؟ (A) روپیہ پیسا (B) کنکر پتھر (C) خلعت اور زیورات (D) جواہرات

4۔ عیدالفطر کے موقع پر مسلم معاشرے کے کس طبقے کو سب سے زیادہ مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے ؟ (A) اُمرا (B) غربا (C) متوسط (D) سفید پوش

5۔ مصنف کے دوست انھیں راجا صاحب سے ملوانے کہاں لے جانا چاہتے تھے ؟ (A) جام نگر (B) احمد نگر (C) الہ آباد (D) احمد آباد

6۔ رشید احمد صدیقی نے اپنے خوابوں کی تعبیر پائی (A) لکھنؤ (B) کلکتہ (C) دہلی (D) علی گڑھ

7۔ استنبول شہر میں کتنی مساجد ہیں ؟ (A) چار سو (B) چھ سو (C) پانچ سو (D) ایک ہزار

8۔ یہ عالم اللہ تعالیٰ نے کس چیز سے بھر دیا ہے ؟ (A) رنگ و بو سے (B) مخلوقات سے (C) جمادات و نباتات سے (D) ان سب سے

9۔ انتہا تک پہنچنے کی شرط کیا ہے ؟ (A) ابتداء کرنا (B) جہد مسلسل (C) ایثار (D) چاہت اور محنت

10۔ مگر کون کم کسی سے ملتا ہے (A) محبوب (B) آدمی (C) دل (D) دوست

11۔ درست تلفظ کا انتخاب کیجئے (A) مَعْذِرَت (B) مَعْذَرَت (C) مَعْذِرِت (D) مَعْذُرُت

12۔ درست تلفظ کا انتخاب کیجئے (A) مَدْرِسَہ (B) مَدْرَسَہ (C) مُدْرَسَہ (D) مَدَرْسَہ

13۔ کلمہ کی اقسام ہیں (A) تین (B) چار (C) دو (D) پانچ

14۔ اسم معرفہ کی اقسام ہیں (A) چار (B) چھ (C) آٹھ (D) تین

15۔ "قینچی" گرامر کی رو سے ہے (A) اسم مصغر (B) اسم آلہ (C) اسم مصدر (D) اسم اشارہ

www.pakcity.org

DGK-G2-22

دہم کلاس 12022

اردو لازمی

## حصہ انشائیہ

وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

گروپ : دوسرا

کل نمبر = 60

### حصہ اول

سوال نمبر ۲۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) 10 = 5 x 2

حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(i) دو عالم کا امدادگار آ گیا ہے — امین آ گیا ، غم گسار آ گیا ہے

(ii) شیر اٹھتے تھے نہ دھوپ کے مارے کچھار سے — آہو نہ منھ نکالتے تھے سبزہ زار سے

(iii) یہ سعادت حورِ صحرائی ! تری قسمت میں تھی — غازیانِ دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی

(iv) دریا میں طغیانی ہے ، منجدھار میں کشتی ٹھہری ہے — لیکن ہم نے سوچ لیا ہے ، جانا ہے اُس پار ہمیں

حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(v) پہنچ جائیں گے انتہا کو بھی حسرتؔ — جب اس راہ کی ابتدا ہو گئی ہے

(vi) سلسلہ ، فتنۂ قیامت کا — تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

(vii) یہ وہ راستہ ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر ، صبا ہو گئی ہے

### حصہ دوم

سوال نمبر ۳۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے 5 + 5 = 10

(الف) پطرس آل انڈیا ریڈیو کے ڈائریکٹر جنرل ہو گئے تھے مگر پرانے دوستوں سے رسم و راہ میں ذرا بھی فرق نہ آنے پایا تھا۔ مرزا صاحب کو انھوں نے کسی نہ کسی طرح آمادہ کر لیا تھا کہ ریڈیو سے کبھی کبھی تقریر نشر کیا کریں۔ دو ایک تقریروں کے بعد مرزا صاحب نے کانٹریکٹ واپس کرنے شروع کر دیئے۔ مخدہ مخدہ بات پطرس تک پہنچی۔ حاضر ہو کر وجہ دریافت کی۔ مرزا صاحب نے فرمایا: "تمھیں اصلاح دینے کے بعد مجھے یہ منظور نہیں کہ تمھارے شاگرد مجھے اصلاح دیں۔"

(ب) شہر کا حال کیا جانوں کیا ہے؟ پون ٹوٹی کوئی چیز ہے، وہ جاری ہو گئی ہے۔ سوائے اناج اور اُپلے کے کوئی چیز ایسی نہیں، جس پر محصول نہ لگا ہو۔ جامع مسجد کے گرد پچیس پچیس فٹ گول میدان نکلے گا۔ دکانیں حویلیاں ڈھائی جائیں گی۔ دارالبقا فنا ہو جائے گی۔ رہے نام اللہ کا۔ خان چند کا کوچہ شاہ بولا کے بڑ تک ڈھے گا۔ دونوں طرف سے پھاوڑا چل رہا ہے۔ باقی خیر و عافیت ہے۔

سوال نمبر ۴۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے 5 X 2 = 10

(1) "مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ" کے مصنف کا کونسا دوست ادب کا زیادہ دل دادہ ہے؟ اور وہ انھیں کہاں لے گیا؟

(2) لڑکی کیوں محسوس کر رہی تھی کہ اس کے ہاتھ میں ٹکٹ ایک من بوجھ ہے ؟

(3) نام دیو کی موت کیسے واقع ہوئی ؟

(4) جاوید منزل کہاں واقع ہے اور یہ اب کس کی تحویل میں ہے ؟

(5) دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے؟

(6) اللہ تعالیٰ نے انسان کو فطرتِ اسلام پر پیدا کر کے مزید کونسا احسان کیا ؟

(7) نظم اور غزل میں کیا فرق ہے ؟

(8) ذو معنی الفاظ کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔

سوال نمبر ۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے (i) منٹو (ii) علی بخش 5

سوال نمبر ۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے (i) یومِ آزادی (ii) عیادتِ مریض (iii) فٹ بال کا ایک میچ 15

سوال نمبر ۷۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے 5 X 2 = 10

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختۂ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسرے کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعۃً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دُور اُفق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات: (i) صبح سویرے سمندر کے نظارے کی منظر کشی کیجیے (ii) تختۂ جہاز سے سمندر کا منظر بیان کیجیے (iii) دور اُفق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟ (iv) شاہِ خاور کے خیر مقدم سے کیا مراد ہے؟ (v) قوسِ قزح کے رنگ سمندر کی خوب صورتی میں کیسے اضافہ کرتے ہیں؟

www.pakcity.org

اردو لازمی　　　　　　　　(حصہ معروضی)　　　　　　　　وقت = 20 منٹ

گروپ پہلا　　　　　　　　DGK-10-G1-20　　　　　　　　کل نمبر = 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

1۔ شاہد احمد دہلوی نے امتحان پاس کیا؟ (A) ایم۔اے فارسی (B) ایم۔اے اُردو (C) ایم۔اے عربی (D) ایم۔اے پنجابی

2۔ پروگرام " دانش کدہ " میں دانش ور بلائے جاتے تھے ؟ (A) تین (B) دو (C) چار (D) پانچ

3۔ مسلم لیگ قائم کی ؟ (A) سر سید احمد خاں (B) قائداعظم (C) نواب محسن الملک (D) نواب وقار الملک

4۔ قلعے کی بڑی بڑی مغلانیاں، سیّدانی بی کے سامنے (A) کھڑی رہتی تھیں (B) کان پکڑتی تھیں (C) کام کرتی تھیں (D) دم نہ مارتی تھیں

5۔ مصنف جس کمرے میں ٹھہرائے گئے اس کمرے کی کھڑکی کھلتی تھی۔ بحوالہ مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ۔
(A) باغ میں (B) دریا کی سمت (C) سڑک کی طرف (D) پائیں باغ میں

6۔ "ہلال عید کی گردوں پہ آمد ہے" یہ مصرع ہے (A) اقبالؔ کا (B) حفیظ جالندھری کا (C) عبدالمجید سالکؔ کا (D) حالیؔ کا

7۔ " تہنیت عید الفطر " نظم ہے۔ (A) حالیؔ کی (B) اقبالؔ کی (C) حفیظ جالندھری کی (D) عبدالمجید سالکؔ کی

8۔ دلاور فگار نے شاعری کا آغاز کیا (A) نظم سے (B) مثنوی سے (C) غزل سے (D) قصیدہ سے

9۔ حسرت موہانی نے غزل میں رہنما ٹھہرایا ہے (A) وصلِ محبوب (B) محبوب کی آرزو (C) واعظ کی نصیحت (D) غمِ روزگار

10۔ پاکستان ستاروں کے جھرمٹ میں ہے ؟ (A) سورج (B) چاند (C) روشن ستارہ (D) مرکز

11۔ " شرک " کا تلفظ ہے (A) شِرَکْ (B) شِرْکْ (C) شَرَکْ (D) شُرْکْ

12۔ " معراج " کے درست اعراب ہیں۔ (A) مِعْرَاج (B) مُعْرَاج (C) مَعْرَاج (D) مِعِرَاج

13۔ وہ اسم جو کسی کام یا کسی خدمت کی اجرت اور بدلے کے معنی دے کہلاتا ہے۔ (A) اسم حالیہ (B) اسم معاوضہ (C) اسم صفت (D) اسم ظرف

14۔ " چٹان " گرامر کی رو سے ہے۔ (A) اسم مصدر (B) اسم صفت (C) اسم جامد (D) اسم ظرف

15۔ " بیس آم " گرامر کی رو سے ہے۔ (A) مرکب عددی (B) مرکب عطفی (C) مرکب اضافی (D) مرکب جاری

www.pakcity.org

پ پہلا — حصہ اول — کل نمبر=60

## حصہ اول

سوال نمبر۲۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) ۵×۲=۱۰

DGK-10-G1-20

حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(i) زمانے کو اب اپنی منزل مبارک — کہ اِک خضرِ صد راہ گزار آگیا ہے

(ii) اُڑتی تھی خاک ' خشک تھا چشمہ حیات کا — کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

(iii) سر نگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی — جس کے بوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

(iv) اس پہ جانے کا کبھی ہوتا ہے جس کو اتفاق — اس کے لوٹ آنے کا پیدا ہی نہیں ہوتا سوال

حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(v) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر ' صبا ہو گئی ہے

(vi) رنگ وہ فصل خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر — شان رنگینی حسن چمن آرا بھی نہیں

(vii) تھے کتنے ستارے کہ سر شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

## حصہ دوم

سوال نمبر۳۔ درج ذیل اقتباسات کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے (۲+۱+۱+۱= ۵) ۵+۵ = ۱۰

(الف) اقبالؔ کے ہاں ہلال عید صرف ہمیں خوش ہی نہیں کرتا ہماری ہنسی بھی اُڑاتا ہے۔ یتیموں کی عید کے بارے میں بھی اقبالؒ اس رویے کی عکاسی کرتے ہیں جس پر نثر نگار بھی خامہ فرسائی کرتے رہے ہیں یا دطفلی علامہ اقبالؒ کو عید کے چاند کی تصویر کشی پر مجبور کرتی ہے اور وہ منظر کشی والے رجحان کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔

(ب) میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔ شریف شخص کی یہ صفت سب سے معتبر مانی گئی ہے۔ اُردو، فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری ، وسیع اور متنوع تھی۔ جس کے ہم سب ہمیشہ معترف رہے اور اس سے استفادہ کیا۔ ناملائم الفاظ کبھی زبان پر نہیں لائے بڑے شوق اور سنجیدگی سے علمی مسائل پر اظہار خیال فرماتے۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ ۵×۲=۱۰

(1) دہشت گردی پھیلنے کی دو وجوہات بیان کیجیے۔

(2) انسان کو انسان کا عرفاں ہونے سے کیا مراد ہے؟

(3) شعری اصطلاح میں مقطع سے کیا مراد ہے؟

(4) عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(5) لڑکی سفر کیوں کر رہی تھی ؟

(6) نظم " اونٹ کی شادی " میں شاعر نے سرکا درد بڑھنے کی وجہ کیا بتائی ہے؟

(7) ترکی میں جمعۃ المبارک کا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟

(8) ایک سینما کے سامنے بھیڑ دیکھ کر الٰہی بخش نے کیا کہا؟

سوال نمبر۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ ۵

(i) نظریہ پاکستان (ii) نام دیو مالی

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے ۱۵

(i) برسات کا موسم (ii) طالب علم کے فرائض (iii) شہری اور دیہاتی زندگی

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے ۵×۲=۱۰

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیئے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے تمام قومی رشتے نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ کوئی نہیں ہے۔

سوالات:

(i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے ؟

(ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے ؟

(v) اس عبارت کا عنوان تحریر کیجیے

www.pakcity.org

دہم کلاس 12020

اردو لازمی

## حصہ معروضی

وقت = 20 منٹ

گروپ دوسرا

کل نمبر=15

DGK - 10 - G2-20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1۔ مغلیہ سلطنت کا زوال شروع ہوا۔ (A) اورنگ زیب کے بعد (B) شاہ جہاں کے بعد (C) جہانگیر کے بعد (D) بادشاہ اکبر کے بعد

2۔ پروگرام "دانش کدہ" میں کتنے دانش ور بلائے جاتے تھے؟ (A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

3۔ سیدانی بی میر صاحب کے بچوں کو سینا پرونا سکھاتی تھیں۔ (A) صبح کو (B) دوپہر کو (C) شام کو (D) عشاء کی نماز کے بعد

4۔ یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ "چاند جب عید کا نظر آیا" (A) حفیظ جالندھری (B) الطاف حسین حالی (C) عبدالمجید سالک (D) طالب الہ آبادی

5۔ آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟ (A) تین (B) پانچ (C) سات (D) دس

6۔ لڑکی نے قلی کو رقم دی۔ (A) اکنی (B) چونی (C) اٹھنی (D) روپیہ

7۔ ایا صوفیہ کے برابر ہے۔ (A) کتب خانہ (B) شفاخانہ (C) میدان (D) قبرستان

8۔ فاطمہ بن عبداللہ غازیوں کو پانی پلاتے ہوئے شہید ہوئی۔ (A) جنگ طرابلس میں (B) جنگ بلقان میں (C) جنگ یرموک میں (D) جنگ تبوک میں

9۔ شاعر نے کس سڑک کا مضحکہ اُڑایا ہے؟ (A) مال روڈ (B) مال گودام روڈ (C) ملتان روڈ (D) جھنگ روڈ

10۔ کونسا رستہ ہے جہاں بادِ صرصر ، صبا ہوگئی؟ (A) دیارِ وفا (B) دیارِ غیر (C) دیارِ جفا (D) راہِ وفا

11۔ مرکب کی قسمیں ہیں۔ (A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

12۔ قائداعظم قواعد کی رو سے ہے (A) خطاب (B) لقب (C) تخلص (D) کنیت

13۔ وہ مرکب جو کسی اسم کی تعداد یا گنتی کو ظاہر کرے، اُسے کہتے ہیں (A) مرکب جاری (B) مرکب اشاری (C) مرکب عددی (D) مرکب اضافی

14۔ مراسلہ کا درست تلفظ ہے۔ (A) مُرَاسَلَہ (B) مُرَاسِلَہ (C) مَرَاسَلَہ (D) مُرَاسْلَہ

15۔ درست تلفظ والا لفظ ہے۔ (A) مُبَارَک (B) مُبَارِک (C) مَبَارَک (D) مُبَارْک

www.pakcity.org

اردو لازمی | حصہ انشائیہ | وقت=2 گھنٹے 10 منٹ

گروپ دوسرا | حصہ اول DGK-10-G2-20 | کل نمبر=60

سوال نمبر ۲۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) ۵×۲=۱۰

حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(i) اب انساں کو انساں کا عرفان ہوگا — یقین ہوگیا، اعتبار آ گیا ہے

(ii) جن کی تابانی میں انداز کُہن بھی، نو بھی ہے — اور تیرے کوکب تقدیر کا پَرتو بھی ہے

(iii) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے' اب ہے کام ہمارا — ایک رہیں گے' ایک رہے گا' ایک ہے نام ہمارا

(iv) اس کی چھاتی پر کئی ٹانگے الٹ کر رہ گئے — سینکڑوں گھوڑوں کا اس پر ہو چکا ہے انتقال

حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(v) یہ فخر تو حاصل ہے، برے ہیں کہ بھلے ہیں — دو چار قدم ہم بھی تیرے ساتھ چلے ہیں

(vi) آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا — آج ہی خاطر بیمار شکیبا بھی نہیں

(vii) یہ وہ راستا ہے، دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صر صر، صبا ہو گئی ہے

## حصہ دوم

سوال نمبر ۳۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے (۲+۱+۱+۱= ۵) ۵+۵ = ۱۰

(الف) سُنا ہے کہ یہ نہایت شریف گھرانے کی بیٹی تھیں۔ مرہٹہ گردی میں ان کا خاندان تباہ ہوگیا۔ برس دن کی بیاہی بیوہ ہوگئیں۔ اس زمانے میں دوسری شادی کرنا بڑا عیب سمجھا جاتا تھا۔ مغلانی کا پیشہ اختیار کرلیا۔ اور اپنی ہنرمندی کی بدولت رنڈاپا گزار دیا۔ جوانی تو عزت آبرو سے کٹ گئی، خوب کمایا، ہزاروں روپے انعام میں لیئے۔ مگر رکھنا نہ جانا۔ دل کی حاتم اور طبیعت کی نرم تھیں۔

(ب) انگریزوں کے علمی ذوق کی مدح وستائش بہت کی جاتی ہے۔ مگر خود ولیم راجرز نے اپنی مشہور تصنیف توپ کاپی میں یہ گلہ کیا ہے کہ انگریزوں نے بہت سے مسلم اداروں اور خاص طور پر بیت الحکمت کا ذکر تو ضرور کیا ہے۔ لیکن توپ کاپی کو نظر انداز کردیا، جہاں قدیم اسلامی عہد کی نادر و نایاب کتابیں بہ کثرت موجود ہیں۔

سوال نمبر ۴۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے ۵×۲=۱۰

(1) سبق "ملمع" میں لڑکی کیوں سفر کررہی تھی ؟

(2) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟

(3) پرستان کے بادشاہ نے سیدانی بی کو کس کام کے لیے بلوایا تھا؟

(4) نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟

(5) مرزا محمد سعید کے دو ناولوں کے نام لکھیے ؟

(6) کون سی قوتیں کسان سے سرگوں رہتی ہیں؟

(7) شاعر کو کسی کی یاد کتنے عرصے سے نہیں آئی

(8) نظم "بہادر بچے" میں پاکستانی بچوں نے کس سے لڑنے کا عزم کیا ہے؟

سوال نمبر ۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

(i) پرستان کی شہزادی (ii) نام دیو مالی

سوال نمبر ۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے ۱۵

(i) یوم آزادی (ii) مرزا اسداللہ غالبؔ (iii) محنت کی برکتیں

سوال نمبر ۷۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے ۵×۲=۱۰

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختۂ جہاز پر کھڑے ہوکر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے۔ جو ہوا کے نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسرے کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوس قزح کے سارے رنگ دفعتاً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور افق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہورہا ہے۔

سوالات: (i) سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟ (ii) تختۂ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟ (iii) صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے ؟ (iv) دور افق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟ (v) اس عبارت کا مناسب عنوان کیا ہے؟

www.pakcity.org

D

PAPER CODE - 7021

DGK-G1-10-19

دہم کلاس 12019

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 15

## حصہ معروضی

اردو لازمی ، گروپ پہلا (نیو کورس)

تعلیمی سیشن : 2015-2017 تا 2017-2019

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1۔ مرزا احمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے کون سی سند لی ؟ (A) بی اے (B) ایم اے تاریخ (C) ایم اے انگریزی ادب (D) ایم اے اردو ادب

2۔ سبق " نام دیو مالی " کس کتاب سے لیا گیا ہے ؟ (A) چند ہم عصر (B) مقدمات عبدالحق (C) خطبات عبدالحق (D) بزم خوش نفساں

3۔ کانگریس کب قائم کی گئی ؟ (A) 1886ء میں (B) 1885ء میں (C) 1895ء میں (D) 1906ء میں

4۔ رشید احمد صدیقی نے خط میں کس کے سانحہ رحلت کا ذکر کیا ہے ؟ (A) مولانا ضیا احمد (B) بیگم ڈاکٹر محمد حسن (C) برادر سید بشیر الدین (D) بیگم سید بشیر الدین

5۔ " ماہ صیام آ گیا اور روز عید آ گیا " یہ اردو کے کس شاعر کا مصرع ہے ؟ (A) الطاف حسین حالی (B) علامہ محمد اقبال (C) عبدالمجید سالک (D) حفیظ جالندھری

6۔ چغلی کھانا چغل خور کی ہوتی ہے (A) عادت (B) فطرت (C) جبلت (D) طبیعت

7۔ حکومت کی اولین ترجیح خاتمہ ہے (A) ناانصافی کا (B) دہشت گردی کا (C) غربت کا (D) جہالت کا

8۔ ذات باری تعالیٰ کی شان کہاں نظر آتی ہے ؟ (A) سرد و گرم میں (B) خشک و تر میں (C) اجالے اور تاریکی میں (D) ان سب میں

9۔ نظم " میدان کربلا میں گرمی کی شدت " کس شاعر کی تخلیق ہے ؟ (A) مرزا دبیر (B) مولوی میر حسن (C) میر خلیق (D) میر انیس

10۔ کون سا راستہ ہے جہاں باد صرصر صبا ہو گئی ہے ؟ (A) راہ محبت (B) دیار وفا (C) رہ دیار غیر (D) راہ وفا

11۔ " دھلائی " قواعد کی رو سے ہے (A) اسم حاصل مصدر (B) اسم حالیہ (C) اسم مفعول (D) اسم معاوضہ

12۔ اسم مشتق کی اقسام ہیں (A) دو (B) تین (C) پانچ (D) سات

13۔ " وہ لکھتا تھا " جملہ ہے (A) ماضی بعید کا (B) ماضی قریب کا (C) ماضی تمنائی کا (D) ماضی استمراری

14۔ " مسلم " کا درست تلفظ ہے (A) مُسْلِمْ (B) مُسَلَمْ (C) مُسلَمْ (D) مُسْلَمْ

15۔ " اخلاق " کا درست تلفظ ہے (A) اِخْلاق (B) اَخْلاق (C) اَخَلاق (D) اِخَلاق

www.pakcity.org

12019 دہم کلاس

DGK-Gr-10-19

P

اردو لازمی ' گروپ پہلا (نیوکورس) حصہ انشائیہ وقت=2 گھنٹے 10 منٹ

تعلیمی سیشن : 2015-2017 تا 2017-2019 کل نمبر=60

## حصہ اول

سوال نمبر۲۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجئے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) ۵×۲=۱۰

حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(i) یہ سماں اور اک قوی انساں ' یعنی کاشت کار ارتقا کا پیشوا ' تہذیب کا پروردگار

(ii) میاں شتر کو مبارک یہ رشتہ شادی اسی کو کہتے ہیں اردو میں قید آزادی

(iii) اس پہ جانے کا کبھی ہوتا ہے جس کو اتفاق اس کے لوٹ آنے کا پیدا ہی نہیں ہوتا سوال

(iv) اڑتی تھی خاک ' خشک تھا چشمہ حیات کا کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(v) یہ وہ راستا ہے دیار وفا کا جہاں باد صر صر ' صبا ہو گئی ہے

(vi) مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا ٹوٹ کر دل ' اسی سے ملتا ہے

(vii) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

## حصہ دوم

سوال نمبر۳۔ درج ذیل اقتباسات کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے (۲+۱+۱+۱= ۵) 5+5 = ۱۰

(الف) خدا کے لئے مجھ بدنصیب کا حال سنو ۔ میں آفت کا مارا سات بچوں کا باپ ہوں ۔ اب روٹیوں کو محتاج ہوں اور اپنی معیبت ایک ایک سے کہتا ہوں میں بھیک نہیں مانگتا ۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ اپنے وطن کو چلا جاؤں مگر کوئی خدا کا پیارا مجھے گھر بھی نہیں پہنچاتا ۔ بھائی مسلمانو ! میں غریب الوطن ہوں میرا کوئی دوست نہیں

(ب) جب نماز جمعہ ختم ہوئی تو اعلان کیا گیا کہ " مندوبین کے لئے راستہ دے دیں " ذرا سا یہ اعلان ہوتے ہی منبر سے دروازے تک چار فیٹ کا راستہ بن گیا ۔ نمازی دورویہ کھڑے ہو گئے ایک انسان اپنی جگہ سے نہ ہلا اور ہم سب مندوبین نہایت اطمینان سے باہر آ گئے یہ تنظیم کی بات ہے ترک اب دنیا کی ایک نہایت شائستہ اور منظم قوم بن چکے ہیں ان کا یہ ڈسپلن ان کو دنیا کی بڑی قوم بنا رہا ہے ۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے ۵×۲=۱۰

(1) نظم " میدان کربلا میں گرمی کی شدت " میں جاں داروں کا ذکر آیا ہے ان کے نام لکھیے

(2) نظم " مال گودام روڈ " میں شاعر کے مطابق سڑک پر چلنے والی کن سواریوں کا حلیہ بگڑتا ہے ؟

(3) فراق گورکھپوری نے اپنی غزل میں سرا ور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے ؟

(4) مرزا غالب نے کتابوں پر کیا رائے دی ہے ؟

(5) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی ؟

(6) مرزا محمد سعید کس لئے لکھتے ہیں ؟

(7) جنگ آزادی کب ہوئی ؟ اور اس نے اردو شاعری پر کیا اثرات چھوڑے ؟

(8) شاہد احمد دہلوی کس مشہور ادیب کے پوتے تھے اور ان کی خاکوں پر مشتمل کسی ایک کتاب کا نام لکھیے

سوال نمبر۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے ۵

(i) شُتّر (ii) استنبول

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے ۱۵

(i) محنت کی برکتیں (ii) قائداعظمؒ (iii) چاندنی رات

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے ۵×۲=۱۰

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں ۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے ۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں ۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی ۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں ۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی ' اطالوی ' جرمن ' فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے ۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا ۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شاخیں پاکستان ' ایران ' انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں

سوالات: (i) زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں ؟

(ii) عربی اور انگریزی زبانیں کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں ؟

(iii) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے

(iv) دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں ؟

(v) ہماری قومی زبان کا نام کیا ہے اور یہ کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے ؟



www.pakcity.org

PAPER CODE - 7022

دہم کلاس 12019

DGK-G2-10-19

اردو لازمی (نیوکورس) گروپ دوسرا

**حصہ معروضی**

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر=15

تعلیمی سیشن : 2015-2017 تا 2017-2019

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A،B،C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1۔ مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے (A) جائیداد کی خریداری پر (B) خیرات کرنے پر (C) کتابوں پر (D) کھانے پینے پر

2۔ قلعے کی بڑی بڑی مغلانیاں سیدانی بی کے سامنے (A) کام کرتی تھیں (B) کھڑی رہتی تھیں (C) دم نہ مارتی تھیں (D) کان پکڑتی تھیں

3۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئی (A) غزلوں کی طرف (B) نظموں کی طرف (C) مرثیے کی طرف (D) شہر آشوب کی طرف

4۔ میر مجروح کے خط میں کس کی بیٹی کی پیدائش کا ذکر ہے۔ (A) میر مجروح (B) میر نصیر الدین (C) میرن (D) شاہ محمد عظیم

5۔ ترکی کے دنیا کی بڑی اقوام میں شامل ہونے کی وجہ ہے (A) بڑی فوجی قوت ہونا (B) ڈسپلن پر عمل پیرا ہونا (C) معدنیات کا ذخیرہ ہونا (D) یہ تمام

6۔ نام دیو کے چہرے پر.........اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی (A) خباثت (B) شرافت (C) نزاکت (D) بشاشت

7۔ کوئی آدھ گھنٹہ انہوں نے موسیقی کی مشق فرما کر مجھے میری خواہش کے خلاف محظوظ فرمایا۔ (A) شاکر خان صاحب نے (B) شاکر خان صاحب کے چھوٹے بھائی نے (C) احمد مرزا نے (D) احمد مرزا کے بیٹے نے

8۔ نظم "حمد" کس شاعر کی تخلیق ہے (A) احسان دانش (B) جمیل الدین عالی (C) حفیظ جالندھری (D) جوش ملیح آبادی

9۔ شتر کے گھر میں کیا آیا ہے (A) ہوا کا جھونکا (B) خوش کن پیغام (C) پیام بہار (D) ایک اور اونٹ

10۔ محبوب کے سادگی سے ملنے کا شاعر پر کیا اثر ہوتا ہے (A) خوشی سے پھولا نہیں سماتا (B) محبوب کے ستم بھول جاتا ہے (C) نشہ سا چھا جاتا ہے (D) ہر غم بھول جاتا ہے

11۔ درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے (A) مَخْبَث (B) مَجبُث (C) مُخَبُث (D) مَخَبْث

12۔ درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے (A) اِرْشَاد (B) اَرْشَاد (C) اُرْشَاد (D) اِرْشَاد

13۔ مرکب تام کی اقسام کی تعداد (A) 5 (B) 2 (C) 3 (D) 4

14۔ "کھانا" مصدر سے فعل مضارع صیغہ جمع حاضر (A) تو کھاتا (B) تم کھاؤ (C) تو کھائے (D) سب کھاؤ

15۔ "دھلائی" گرامر کی رو سے ہے (A) فعل امر (B) اسم معاوضہ (C) اسم حالیہ (D) اسم مفعول

www.pakcity.org

دہم کلاس 12019

DGK-G2-10-19

اردو لازمی ' گروپ دوسرا (نیوکورس) حصہ انشائیہ وقت=2 گھنٹے 10منٹ

تعلیمی سیشن : 2015-2017 تا 2017-2019 کل نمبر=60

## حصہ اول

سوال نمبر ۲۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) ۱۰=۲x۵

حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(i) بجھے گا نہ جس کا چراغ محبت | وہ پیغمبر ذی وقار آگیا ہے
(ii) فاطمہ ! گو شبنم افشاں آنکھ تیرے غم میں ہے | نغمۂ عشرت بھی اپنے نالۂ ماتم میں ہے
(iii) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے' اب ہے کام ہمارا | ایک رہیں گے' ایک رہے گا' ایک ہے نام ہمارا
(iv) میاں خضر نئی گاڑی لیے سفر کو چلے | مجھے خوشی ہے کہ تم آگئے پہاڑ تلے

حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(v) مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا | ٹوٹ کر دل' اسی سے ملتا ہے
(vi) میں درماندہ اس بارگاہ عطا کا | گنہ گار ہوں' اک خطا ہو گئی ہے
(vii) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے | یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

## حصہ دوم

سوال نمبر۳۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے (۵ =۱+۱+۱+۲) ۱۰ = ۵+۵

(الف) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے۔ لیکن جب کفر ان کا خاطر خواہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لئے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے۔

(ب) یہ اس کی بنوائی ہوئی شاندار مسجد ہے۔ جو شاہی مساجد میں بہت ممتاز ہے اور قدیم زمانے میں وہی جامع مسجد تھی۔ آج جامع سلطان احمد اپنے چھ میناروں کی وجہ سے مشہور ہے۔ اسے سلطان احمد نے اپنی وفات کے سال مکمل کیا۔ یہ شاہی مسجد بہت سے مذہبی تہواروں کے منانے کی جگہ اور بہت سے درباری رسمی جلوسوں کا مرکز رہ چکی ہے۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے ۱۰=۲x۵

(1) لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی، اس کا ماحول کیسا تھا ؟
(2) مصنف پر اس فقیر نے کیا اثر کیا؟
(3) نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا ؟
(4) استنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی خاص بات کیا ہے
(5) چغل خور اپنا گاؤں چھوڑ کر دوسرے گاؤں کیوں گیا؟
(6) میر انیس کی کون سی نظم شامل نصاب ہے
(7) نظم " کسان " میں " جلوہ قدرت کا شاہد " سے کون مراد ہے؟
(8) دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے۔

سوال نمبر۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

(i) مُلمّع (ii) علی بخش

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے ۱۵

(i) وقت کی پابندی (ii) شہید ملت لیاقت علی خاں (iii) ایک دلچسپ سفر

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے ۱۰=۲x۵

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتاً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے گولے پڑنے لگے ۔ یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہو گئی وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے۔ انھیں خبر بھی نہ ہوئی ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے۔ مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں۔ سینکڑوں اکڑ کر مر گئے ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات:
(i) پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں۔ کس زمانے میں ؟ (ii) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟
(iii) " وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے " کون برف میں رہنے کے عادی تھے ؟ (iv) وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟
(v) جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی ؟

www.pakcity.org

اردو لازمی ، گروپ پہلا (نیو کورس)

تعلیمی سیشن : 2015-2017 ، 2016-2018

حصہ معروضی

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1- پروگرام " دانش کدہ " میں کتنے دانش ور بلائے جاتے تھے ؟ (A) چار (B) تین (C) دو (D) سات

2- سید احمد بریلوی اور شاہ اسمٰعیل کب شہید ہوئے؟ (A) 1821 میں (B) 1831 میں (C) 1841 میں (D) 1857 میں

3- حسن نظامی نے دلی کے جو نوحے لکھے ان میں کون سی چیز نمایاں ہے ؟ (A) عظمت رفتہ (B) احساس شادمانی (C) عید کا ذکر (D) لطف و مسرت

4- " ملمع " کس کی تحریر ہے (A) خدیجہ مستور (B) ہاجرہ مسرور (C) سجاد حیدر یلدرم (D) اشرف صبوحی

5- چغل خور کہاں رہتا تھا؟ (A) گاؤں میں (B) قصبے میں (C) شہر میں (D) بیرون ملک

6- علامہ اقبال کون سا پھل پسند کرتے تھے؟ (A) انگور (B) لوکاٹ (C) آم (D) خوبانی

7- سبق " استنبول " کس کی تحریر ہے؟ (A) اختر ریاض الدین (B) حکیم محمد سعید (C) قدرت اللہ شہاب (D) شفیع عقیل

8- " فاطمہ بنت عبداللہ " نظم کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟ (A) بانگ درا (B) بال جبریل (C) ضرب کلیم (D) ارمغان حجاز

9- کسان قدرت کے جلوے کا ہے۔ (A) نباض (B) گواہ (C) مداح (D) شاہد

10- ادا جعفری کی شامل نصاب غزل کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟ (A) شہر درد (B) ساز سخن بہانہ ہے (C) غزالاں تم تو واقف ہو (D) میں ساز ڈھونڈتی رہی

11- اسم علم کی اقسام ہیں۔ (A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

12- اسم مفعول کی قسمیں ہیں۔ (A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

13- "منٹ" گرائمر کی رو سے کیا ہے؟ (A) اسم مکبر (B) اسم ظرف (C) اسم صوت (D) ظرف زماں

14- درست تلفظ کی نشان دہی کیجیے۔ (A) مُسلَمْ (B) مَسلَمَ (C) مُسلِمُ (D) مُسَلَّمْ

15- درست تلفظ کی نشان دہی کیجیے۔ (A) حِسَابْ (B) حَسَابْ (C) حُسَابْ (D) حسّابْ

www.pakcity.org

اردو لازمی ' گروپ پہلا (نیو کورس) — حصہ انشائیہ — وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

تعلیمی سیشن: 2016-2018 ، 2015-2017 — کل نمبر = 60

## حصہ اول

۲۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) ۱۰=۲×۵

حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(i) نظام آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے — بہار جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ii) گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر — بھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر

(iii) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے، اب ہے کام ہمارا — ایک رہیں گے، ایک رہے گا، ایک ہے نام ہمارا

(iv) شتر کے گھر میں پیام بہار ہے سہرا — کبھی کبھی تو بڑا بے مہار ہے سہرا

حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(v) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے — یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

(vi) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے — تیری آرزو رہنما ہو گئی ہے

(vii) کاروبارِ جہاں سنورتے ہیں — ہوش جب بے خودی سے ملتا ہے

## حصہ دوم

۳۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے (۲+۱+۱+۱= ۵) ۵+۵ = ۱۰

(الف) اس زمانے میں دوسری شادی کرنا بڑا عیب سمجھا جاتا تھا۔ مُغلانی کا پیشہ اختیار کر لیا اور اپنی ہنرمندی کی بدولت رنڈاپا گزار دیا۔ جوانی تو عزت و آبرو سے کٹ گئی، خوب کمایا ، ہزاروں روپے انعام میں لیے۔ مگر رکھنا نہ جانا۔ دل کی حاتم اور طبیعت کی نرم تھیں اور پرانے شریفوں میں ایک یہی عیب ہوتا ہے کہ وہ وقت کی قدر نہیں کرتے۔ خدا کی بے نیازی کو بھول جاتے ہیں۔

(ب) ''لے آؤ سامان ! '' وہ ایک دل فریب مسکراہٹ کے ساتھ بولی۔ قلی سامان رکھ کر اسے ایک آنکھ سے گھورنے لگا ، جیسے وہ اس کی تہ تک پہنچنا چاہتا ہو۔ لڑکی بھانپ گئی۔ اس نے بٹوا کھولا اور ایک چمکتی ہوئی اُٹھنی اس کی طرف بڑھا دی۔ قلی کا چہرہ جو حقارت کے جذبات کے باعث بری طرح لٹکا ہوا تھا ، ایک دم کھِل اُٹھا۔

www.pakcity.org

۴۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے ۱۰=۲×۵

(1) مصنف کے پروگرام '' دانش کدہ '' میں شرکت کی درخواست پر مرزا صاحب نے کیا جواب دیا؟ (2) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب کیا تھا ؟

(3) نام دیو مالی کے اوصاف میں نمایاں وصف کیا تھا؟ (4) مرزا غالب نے کتابوں پر کیا رائے دی؟ (5) مشکل حالات میں کیا رویہ اپنانا چاہیے۔

(6) آنکھ کی شبنم افشانی سے کیا مراد ہے ؟ (7) شاعر نے نظم میں '' نیا گل کھلانے '' کا ذکر کر کے کس طرف اشارہ کیا ہے؟

(8) شاعر کے ہاں مصیبت کے ''راحت فزا'' ہونے کی وجہ کیا ہے؟

۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

(i) پرستان کی شہزادی (ii) چغل خور

۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے ۱۵

(i) زم……زم (ii) وقت کی پابندی (iii) میرا مدرسہ

۷۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے ۱۰=۲×۵

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتاً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے گولے پڑنے لگے ۔ یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہو گئی وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے۔ انھیں خبر بھی نہ ہوئی ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے۔ مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں۔ سینکڑوں اکڑ کر مر گئے ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات: (i) پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں۔ کس زمانے میں ؟ (ii) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

(iii) '' وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے '' کون برف میں رہنے کے عادی تھے ؟ (iv) وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟

(v) جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی ؟

PAPER CODE - 7022

دہم کلاس 12018

اردو لازمی ، گروپ دوسرا (نیو کورس)

## حصہ معروضی

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 15

تعلیمی سیشن: 2015-2017 ، 2016-2018

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

1۔ مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کرتے تھے۔ (A) جائیداد خریدنے پر (B) خیرات کرنے پر (C) کتابوں پر (D) کھانے پینے پر

2۔ سبق "نظریہ پاکستان" کے مصنف کا نام ہے۔ (A) ڈاکٹر سید عبداللہ (B) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں (C) سر سید احمد خاں (D) جمیل الدین عالی

3۔ یہ مصرع کس شاعر کا ہے ؟ " ہلال عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے " (A) اقبال (B) حفیظ جالندھری (C) عبدالمجید سالک (D) حالی

4۔ مصنف کے دوست انھیں راجا صاحب سے ملوانے کہاں لے جانا چاہتے تھے ؟ (A) جام نگر (B) احمد نگر (C) الٰہ آباد (D) احمد آباد

5۔ چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے۔ (A) نمکین (B) میٹھا (C) کھٹا (D) کڑوا

6۔ گدلا پانی پودوں کے لیے تھا۔ (A) ضرر رساں (B) بے سود (C) مفید (D) آب حیات

7۔ سبق " علی بخش " کس کتاب سے لیا گیا ہے ؟ (A) شہاب نامہ (B) افسانے (C) ماں جی (D) یا خدا

8۔ " میدان کربلا میں گرمی کی شدت " کس شاعر کی تخلیق ہے؟ (A) مرزا دبیر (B) میر انیس (C) مولوی میر حسن (D) میر خلیق

9۔ نظم "فاطمہ بنت عبداللہ" کس شاعر کی تخلیق ہے؟ (A) علامہ اقبال (B) حفیظ جالندھری (C) ظفر علی خاں (D) احسان دانش

10۔ کون سا راستہ ہے جہاں باد صرصر صبا ہو گئی؟ (A) راہ محبت (B) دیار وفا (C) دیار غیر (D) راہ وفا

11۔ اسم ضمیر کی قسمیں ہیں۔ (A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

12۔ صفت اصلی کے درجے کتنے ہیں؟ (A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

13۔ "شاہ سوار" گرامر کی رو سے کیا ہے؟ (A) اسم معرّز (B) اسم مکبر (C) اسم صوت (D) اسم ظرف

14۔ درست تلفظ کی نشان دہی کیجیے۔ (A) جَسْمْ (B) جَسُمْ (C) جِسْمْ (D) جُسْمْ

15۔ درست تلفظ کی نشان دہی کیجیے۔ (A) شُکرُ (B) شَکرُ (C) شُکَرْ (D) شِکرْ



(/)

DGK-10-2-18

www.pakcity.org

اردو لازمی ' گروپ دوسرا (نیو کورس) | حصہ انشائیہ | وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

تعلیمی سیشن: 2015-2017 ، 2016-2018 | کل نمبر = 60

## حصہ اول

۲۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) ۱۰ = ۲×۵

حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(i) دو عالم کا امداد گار آ گیا ہے — امین آ گیا غم گسار آ گیا ہے

(ii) اڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا — کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

(iii) بچھڑے ہوؤں کو بکھرے ہوؤں کو اک مرکز پر لایا — کتنے ستاروں کے جھرمٹ میں سورج بن کر آیا

(iv) اس میں ایسی کھائیاں ہیں ایسے ایسے غار ہیں — دفن ہو سکتا ہے جن میں آدمی بعد از وصال

حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(v) میں درماندہ اس بارگاہ عطا کا — گنہ گار ہوں ، اک خطا ہو گئی ہے

(vi) اک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں — اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

(vii) تھے کتنے ستارے کہ سر شام ہی ڈوبے — ہنگام سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

## حصہ دوم

۳۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے (۲+۱+۱+۱= ۵) ۵+۵ = ۱۰

(الف) عالم کی موت عالم کی موت ہوتی ہے۔ ابھی ہم کو اس کا اندازہ نہیں ہو سکتا کہ مرزا صاحب کے رخصت ہو جانے سے ہمارا کتنا بڑا نقصان ہو گیا ہے۔ اب ان کی عدم موجودگی رہ رہ کر ہمیں ان کی یاد دلائے گی اور وقت کے ساتھ ان کی جدائی کا گھاؤ بڑھتا چلا جائے گا۔

(ب) سلیمانیہ سے ملحق ایک بڑا کتب خانہ ہے یہاں مخطوطات کا سب سے بڑا ذخیرہ محفوظ ہے۔. اندازے کے مطابق ایک لاکھ قلمی کتابیں یہاں ہیں اور نہایت ترتیب و تنظیم سے رکھی ہوئی ہیں۔ جب میں اپنے رفیقوں کو باسفورس، گولڈن ہارن اور ایا صوفیہ کی سیر کراتا ہوا یہاں سے سلیمانیہ میں لایا تو سب کی حیرت و مسرت کی کوئی انتہا نہ رہی۔

۴۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے ۱۰=۲×۵

(1) مرزا محمد سعید کس لیے لکھتے تھے ؟

(2) عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے ؟

(3) مصنف کو اپنے بے تکلف دوست بھڑ بھڑیا سے کیا شکایت تھی ؟

(4) چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بدگمان کیا؟

(5) حکومت کی اولین ترجیح کیا ہے ؟

(6) نعت کے آخری شعر میں خضر سے کون سی ہستی مراد ہے؟

(7) شاعر کس سڑک کو بے مثال کہہ رہا ہے ؟

(8) ہوش اور بے خودی کے ملنے سے دنیا کے کاروبار کیسے سنورتے ہیں ؟

۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

(i) مرزا محمد سعید (ii) علی بخش

۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے ۱۵

(i) قائد اعظمؒ (ii) عیادت مریض (iii) ریل گاڑی

۷۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے ۱۰ = ۲×۵

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجک ہے۔ وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا۔ وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا۔ پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا ، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتہ میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات: (i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟ (ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) کیا اسلام میں ترکی ، چین اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہو گا ؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟ (v) اس عبارت کا عنوان لکھیے ؟

www.pakcity.org